PAPER CODE - 8022

1

بارہویں کلاس 12022

اردو لازمی ' گروپ : دوسرا | حصہ معروضی | وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

DGK-G2-22

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عمر بن عبدالعزیزؒ مذہب کی............تھے۔ | (A) عملی تصویر | (B) مجسم تصویر | (C) مکمل تصویر | (D) نامکمل تصویر |
| 2 | علی گڑھ کالج یونیورسٹی کے درجے تک پہنچ گیا۔ | (A) 1914ء | (B) 1920ء | (C) 1900ء | (D) 1947ء |
| 3 | ملک فراغ کے بادشاہ کا نام تھا۔ | (A) نور جہاں | (B) خسرو آرام | (C) عبدالملک | (D) آدم خان |
| 4 | مزاج دار بیٹی بنی اور جن کو بنایا | (A) بہن | (B) ماں | (C) نوکرانی | (D) سہیلی |
| 5 | محمد بن قاسم نے بصرہ میں قیام کیا۔ | (A) دس دن | (B) تین دن | (C) ایک ماہ | (D) دو گھنٹے |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | نوید نے قلم، کتاب اور کاپی.................. | (A) خریدی | (B) خریدے | (C) خریدیں | (D) خریدکیں |
| 7 | چاہے ڈاکٹر بنو..................پروفیسر | (A) یا | (B) ورنہ | (C) چاہے | (D) بے شک |
| 8 | ہم نے پہاڑی لوگوں کو جفاکش.................. | (A) پائی | (B) پایا | (C) پائے | (D) پائیں |
| 9 | اس کا مال اسباب، زمین کچھ بھی نہ.............. | (A) رہا | (B) رہی | (C) رہے | (D) رہیں |
| 10 | اس کے بیوی بچے آج..................ہیں | (A) رہا | (B) رہی | (C) رہے | (D) رہیں |

(ج) رموز اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | رابطہ سے کم ٹھہراؤ ہوتا ہے۔ | (A) سکتہ میں | (B) وقفہ میں | (C) واوین میں | (D) ندائیہ میں |
| 12 | کسی کا قول نقل کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔ | (A) واوین | (B) تفصیلیہ | (C) ندائیہ | (D) سوالیہ |
| 13 | قائداعظم نے فرمایا.........کام کام کام علامت آئے گی فرمایا کے بعد | (A) سکتہ | (B) واوین | (C) تفصیلیہ | (D) رابطہ |
| 14 | علامت ختمہ استعمال ہوتی ہے۔ | (A) جملے کے آغاز میں | (B) آخر میں | (C) درمیان میں | (D) ہر جگہ |
| 15 | سوالیہ علامت ہوتی ہے۔ | (A) ! | (B) ؟ | (C) :۔ | (D) : |

(د) امدادی افعال کے استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جملے کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | پانا : | (A) اسلم نے انعام پایا | (B) محسن نے مقصد پالیا | (C) وہ ابھی تک کام ختم نہیں کر پایا | (D) تم نے کیا پایا |
| 17 | ڈالنا : | (A) ذرا پانی جگ میں ڈالنا | (B) کپڑے بیگ میں ڈال دو | (C) ہم کو تو مار ڈالا تیری جواب طلبی نے | (D) اس نے بھنگڑا ڈالا |
| 18 | ہونا : | (A) شام ہوگئی ہے | (B) اس طرح تو ہوتا ہے | (C) اس نے امتحان دیا ہوا ہے | (D) پھر کیا ہوا |
| 19 | لینا : | (A) سبق یاد کرلو | (B) کوا روٹی لے اُڑا | (C) کاغذ میرے پاس لاؤ | (D) بازار سے پھل لادو |
| 20 | رہنا : | (A) وہ میرے دل میں رہتا ہے | (B) اسے دیر تک رونا آتا رہا | (C) علی کل لاہور رہا | (D) اسلم گاؤں میں رہتا ہے |



ParhloPakistan.com

17

بارہویں کلاس 12022

اردو لازمی ، گروپ : دوسرا

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

## حصہ انشائیہ

DGK-G2-22

سوال نمبر۲۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

نکہت کی کوششیں کہ نکلنا نصیب ہو موسم کو یہ لگن کہ بدلنا نصیب ہو
شمس و قمر کو ضد ہے کہ گرم سفر رہیں بے رنگیوں میں خالق شام و سحر رہیں

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

حیات چندروزہ بھی حیات جاوداں نکلی جو کام آئی جہاں کے وہ متاع عارضی کب تھی
یہ دنیا کوئی پلٹا لینے ہی والی ہے اب شاید حیات بے سکوں کے سر میں یہ شوریدگی کب تھی
مرے نغموں نے اے دنیائے غم چمکا دیا تجھ کو ترے ظلمت کدے میں زندگی کی روشنی کب تھی

سوال نمبر۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) " اکبری کو نانی کے لاڈ پیار نے زندگی بھر کی مصیبت میں رکھا۔ لڑکپن میں اکبری نے نہ کوئی ہنر سیکھا نہ کچھ اس کے مزاج کی اصلاح ہوئی۔ جب اکبری نے ساس سے جدا ہو کر الگ گھر کیا، برتن بھانڈا، کپڑا زیور سب کچھ اُس کے پاس موجود تھا، چوں کہ خانہ داری کا سلیقہ نہیں رکھتی تھی، چند روز میں تمام مال واسباب خاک میں ملا دیا اور ایک ہی برس میں ہاتھ کان سے ننگی رہ گئی "۔

(ب) " ہم نے اکثر شاعروں کو دیکھا ہے کہ شعر کہنا چاہتے ہیں تو شفاءالملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی سے رجوع کرتے ہیں اور ہفتے بھر کا مُسہل لے لیتے ہیں اور پھر فی یوم ایک شعر کے حساب سے کہتے چلے جاتے ہیں۔ یہ نہیں کرتے تو بیوی کو پیٹتے ہیں یا اس سے پٹتے ہیں، بچوں کو جھڑکتے ہیں، ذرا گھر میں شور ہوا اور وہ سر کے بال نوچنے لگے۔ "ہائے عنقائے مضمون دام میں آ کر چلا گیا۔ کم بختو! ملعونو! تمہارے شور نے اُسے اُڑا دیا "۔ مولانا ظفر علی خاں کا یہ حال نہیں، جس طرح ہم اور آپ نثر لکھتے ہیں، اسی طرح وہ شعر کہتے چلے جاتے ہیں۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(i) دستک (ii) قرطبہ کا قاضی

سوال نمبر۵۔ مجید امجد کی نظم " ایک کوہستانی سفر کے دوران میں " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(الف) محسنِ انسانیت
(ب) اتحادِ عالمِ اسلام
(ج) شجر کاری کی ضرورت و اہمیت

سوال نمبر۷۔ اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے، جس میں مہنگائی اور اس کے مسائل پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ ۱۰



ParhloPakistan.com